# اِدارۂ اخوانُ السّادات گلاؤٹھی (رجسٹرڈ) کراچی

رابطہ کمیٹی

چیئرمین

**خُرم واسطی**

(ممبران)

**سید محمد علی زیدی**

**سید بدرعالم زیدی**

**سید سلمان غنی**

**سید عارف حسن**

**مسز فرحانہ راشد**

صدر:

**سید صفدرعلی**

سیکریٹری:

**سید وسیم ہاشمی**

سیکریٹری مالیات:

**سید فرخ غنی**

## رابطہ ۸

معزز اراکین ادارہ!

السلام وعلیکم

۲۰۰۷ء کا سورج اداس کیفیات میں غروب ہوگیا ہے۔ طلوع ہونے والا سورج بہت سی امیدوں اور آرزوؤں کا پیغام لے کر آیا ہے۔ سالِ نو میں اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے کہ سالِ گذشتہ کی طرح تلخیوں سے واسطہ نہ پڑے۔ نیا سال سب کے لئے خوشیاں اور کامرانیاں لے کر آئے۔ میں ادارے کی جانب سے آپ سب ممبران کی صحت اور درازیِ عُمر کے لئے دُعا گو ہوں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔ آمین

رابطہ کا نیا شمارہ حاضر خدمت ہے۔ اس درخواست کے ساتھ کہ آپ معزز اراکین برادری کی خبریں رابطہ کمیٹی کو ضرور ارسال کریں تا کہ رابطہ کی اشاعت احسن طریقے سے جاری رہ سکے۔ آپ کے مشوروں اور دُعاؤں کا طلبگار۔

سید وسیم الدین ہاشمی

معتمد

# اطلاعات/مبارکبادیاں

☆ برادری کے وہ حاجی حضرات جنہوں نے اس سال فریضہ حج کی سعادت حاصل کی ہے۔ان خواتین وحضرات کو حج کی سعادت پر ادارہ مبارکباد پیش کرتا ہے۔اور دُعا کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کا حج قبول فرمائے (آمین)۔

☆ ادارے کے سابق صدر جناب سید سیف الدین احمد صاحب کے بیٹے سید جمال الدین احمد کی شادی لیفٹیننٹ جنرل محسن کمال کی صاحبزادی سے راولپنڈی میں منعقد ہوئی۔دعوتِ ولیمہ کی تقریب کراچی کے پولو گراؤنڈ میں منعقد ہوئی۔جس میں شہر کے عمائدین کے علاوہ برادری کے اراکین نے کثیر تعداد میں شرکت فرمائی۔ادارہ سید سیف الدین صاحب اور انکی بیگم ریحانہ سیف صاحبہ کو دلی مبارکباد پیش کرتی ہے۔

☆ سید ندیم ریاض کی بیٹی زہرہ ندیم کی شادی محمد اسلم صاحب کے بیٹے شہزاد کے ساتھ اسلام آباد میں بخیر وخوبی منعقد ہوئی ادارہ آپ کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہے۔ندیم ریاض صاحب آج کل دبئی میں مقیم ہیں۔

☆ جناب سید آفتاب عالم زیدی کے صاحبزادے جناب سید بدر عالم زیدی کی شادی سدرہ بیگ سے کراچی میں منعقد ہوئی۔ادارے کی جانب سے مبارکباد قبول کیجئے۔

☆ جناب خورشید احمد کی صاحبزادی کی شادی خانہ آبادی محترم افتخار عظیم عباسی سے کراچی میں منعقد ہوئی۔ادارے کی طرف سے نیک خواہشات قبول فرمائیں۔

☆ جناب سید وسیم احمد کی صاحبزادی سیدہ زیب النساء کی شادی جناب محمد ارسلان خان سے کراچی میں منعقد ہوئی۔ادارے کی طرف سے مبارکباد قبول فرمائیے۔

☆ ادارہ کے رکن سید پرویز اختر واسطی کی بیٹی ندا واسطی کی شادی کینیڈا میں ڈاکٹر نبیل حسین سے انجام پائی۔ادارہ آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔

☆ جناب طارق مجتبیٰ کاظمی کے صاحبزادے سید حارث مجتبیٰ کاظمی کی شادی سارہ علوی سے کراچی میں منعقد ہوئی ادارے کی جانب سے مبارکباد قبول کیجئے۔

☆ ادارے کے رکن سید محمد قسیم واسطی (مرحوم) کی نواسی ڈاکٹر غزالہ صدیقی کی شادی کراچی میں انجام پائی ادارہ کی جانب سے مبارکباد قبول کیجیے۔

☆ جناب سید لائق علی زیدی کی صاحبزادی ڈاکٹر ثناء زیدی کی شادی جناب جنید عزیز انصاری کے ساتھ بخیر خوبی انجام پائی۔ادارے کی طرف سے مبارکباد اور نیک خواہشات قبول فرمائیں۔

☆ سید صفدر علی صاحب کی بیٹی سیدہ صفیہ صفدر کی شادی کراچی میں بخیر وخوبی انجام پائی۔ادارے کی جانب سے مبارکباد قبول فرمائیں۔

☆ سید عبدالمغنی صاحب مرحوم کے نواسے جناب سجاد احمد کی شادی سید محسن کمال کی بیٹی حرا محسن سے ۷ مارچ کو کراچی میں منعقد ہو رہی ہے۔ادارے کی جانب سے مبارکباد قبول فرمائیں۔

☆ سید احمر نظام کے بیٹے کی پہلی سالگرہ Pearl Continental ہوٹل میں منعقد ہوئی۔سید آصف جمیل اور بیگم آصف جمیل کو پوتے کی سالگرہ پر ادارہ کی جانب سے مبارکباد۔

☆ جناب سید صلاح الدین ولد سید مبین اختر کو اللہ تعالیٰ نے بیٹی کی رحمت سے نوازا ادارے کی طرف سے مبارکباد قبول ہو۔

☆ جناب ریٹائرڈ سید محمد میجر شکیل کے صاحبزادے سید عمر شکیل کو اللہ تعالیٰ نے بیٹی کی رحمت سے نوازا ادارے کی طرف سے مبارکباد قبول فرمائیں۔

☆ ادارے کے رکن سید محمد قسیم واسطی کے بیٹے سید راحت عظیم واسطی کو اللہ تعالیٰ نے بیٹے کی نعمت سے نوازا۔بیٹے کا نام سید فیضان رکھا گیا۔ادارہ آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔

☆ جناب سید عبدالرحمن کے بیٹے سید عمر صاحب کے ہاں اسلام آباد میں بیٹے کی ولادت ہوئی۔ادارہ سید عبدالرحمن صاحب کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔

☆ سید حیدر علی صاحب ولد سید صفدر احمد صاحب کے ہاں بیٹے کی پیدائش ہوئی۔ادارے کی جانب سے مبارکباد قبول فرمائیں۔

☆ سیدہ عافیہ اویس کے ہاں بیٹی کی پیدائش ہوئی۔ادارہ آپ کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہے۔

☆ پروفیسر ڈاکٹر ہمایوں کے ہاں بیٹے کی پیدائش ہوئی۔ادارے کی جانب سے مبارکباد قبول فرمائیں۔

☆ مہوش جعفری دختر ضمیر حسن جعفری کے ہاں بیٹے کی ولادت ادارے کی جانب سے مبارکباد قبول فرمائیں۔

☆ جناب سید اظہر حسنین زیدی کی صاحبزادے جناب اظفر زیدی نے ERICSSION میں بحیثیت انجینئر ملازمت حاصل کی۔ادارہ آپکی کامیابی کے لئے دُعا گو ہے۔

☆ ادارے کے رکن سید محمد قسیم واسطی (مرحوم) کے داماد کلیم احمد فاروقی کی ترقی بحیثیت ائر کموڈور پاکستان ایئر فورس میں ہوئی۔ادارہ آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔اور آپ کی فیملی سے نیک خواہشات کا اظہار کرتا ہے۔

☆ ادارے کے رکن سید جاوید اختر واسطی ولد سید محمد قسیم واسطی کی ترقی گورنمنٹ آف سندھ میں بحیثیت وائس پرنسپل ہوئی۔ادارہ آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔

☆ عائشہ منسوب زیدی نے اقراء یونیورسٹی اسلام آباد بحثیت استاد جوائن کرلی ہے۔ادارہ آپ کی مزید ترقی کے لئے دُعا گو ہے۔
سید شہزاد احمد کی دوحہ میں ملازمت اور انکی فیملی کی دوحہ روانگی پر ادارے کی جانب سے مبارکباد قبول کیجیے۔
☆ سید عاطف عثمان غنی بحثیت وائس پریزیڈنٹ حبیب بینک سے منسلک ہو گئے ہیں۔ادارہ آپ کی کامیابی کے لئے دُعا گو ہے۔
☆ حمزہ ہاشمی اور عروج ہاشمی نے فرسٹ ائیر کامرس میں امتیازی نمبر لے کر کامیابی حاصل کی۔ادارے کی جانب سے مبارکباد قبول کریں۔ ادارہ آپ کی مزید ترقی کے لئے دُعا گو ہے۔
☆ سید ضیا الدین جامعی کے بیٹے سید وجیہ الدین نے کامکس کالج سے فرسٹ ائیر کامرس کے امتحان میں امتیازی نمبروں سے کامیابی حاصل کی۔ادارہ آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔
☆ انعم محسن رمال نے فرسٹ ائیر سائنس میں امتیازی نمبروں سے کامیابی حاصل کی ادارہ آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔

## دُعائے صحت

ادارے کے صدر جناب سید صفدر علی صاحب کی اہلیہ کا کامیاب آپریشن کراچی میں ہوا۔اللہ تعالیٰ آپ کو مکمل صحت یابی عطا فرمائے۔آپ کی درازی عُمر کے لئے ہم سب دُعا گو ہیں۔
ادارے کے رکن جناب سید رضی الدین ہاشمی کی اہلیہ کا کامیاب آپریشن کراچی میں ہوا۔آپ کی صحت و درازی عُمر کیلئے ادارہ دُعا گو ہے۔

## اطلاع

جن بچے اور بچیوں نے امتحانات میں امتیازی کامیابی حاصل کی ہے اسکی اطلاع رابطہ کمیٹی کو ضرور ارسال کریں تاکہ اس کی اشاعت اگلے ایڈیشن میں ممکن ہو سکے۔

## انتقالِ پُر ملال

سید حسام الدین (مرحوم) کے داماد آفتاب احمد صاحب کراچی میں انتقال فرما گئے۔اللہ تعالیٰ آپ کے درجات بلند فرمائے۔ادارہ آپ کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ادارہ سید سیف الدین احمد صاحب سے تعزیت کا اظہار کرتا ہے۔
ادارے کے رکن سید جاوید اختر واسطی کی والدہ سیدہ فروغ بانو جو ادارہ کے بانی رکن سید خورشید حسن واسطی (مرحوم) کی بیٹی تھیں انتقال فرما گئیں۔ادارہ آپ کے غم میں برابر کا شریک ہے۔اللہ مرحوم کی مغفرت فرمائے۔

۞ سید عابد علی عابد کے بہنوئی جناب سید محمد مستقیم بارضائے الٰہی جیکب آباد میں انتقال کر گئے ۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے ۔ اور آپکی فیملی کو صبر جمیل عطا فرمائے ۔ ادارہ آپ کے غم میں برابر کا شریک ہے ۔

۞ سید آصف علی صاحب ولد سید عبدالخالق کا انتقال کراچی میں ہوگیا ہے ۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے ۔ ادارہ آپ کے غم میں برابر کا شریک ہے ۔

۞ جناب جی ایم صابری مرحوم کی سالی کا انتقال دبائی ضلع علی گڑھ میں ہوگیا ہے ۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے ۔

۞ سید مشیر حسن واسطی صاحب کے بیٹے جناب عارف حسن صاحب کا بارضائے الٰہی کینیڈا میں انتقال ہوگیا ہے ۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور آپکی فیملی کو صبر جمیل عطا فرمائے ۔